”پانچ چیزیں (انسانی) فطرت (کا حصہ) ہیں: ختنہ کرنا، زیر ناف بال مونڈنا، مونچھیں چھوٹی کرنا، ناخن تراشنا اور بغل کے بال اکھیڑنا“

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو کہتے ہوئے سنا : ”پانچ چیزیں (انسانی) فطرت (کا حصہ) ہیں: ختنہ کرنا، زیر ناف بال مونڈنا، مونچھیں چھوٹی کرنا، ناخن تراشنا اور بغل کے بال اکھیڑنا“
[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا ہے کہ پانچ کام دین اسلام اور رسولوں کی سنتوں کا حصہ ہیں: 1- ختنہ کرنا یعنی شرمگاہ کے اوپر کے زائد چمڑے کو کاٹ دینا اسی طرح عورت کی شرمگاہ کے دخول کی جگہ کے اوپر موجود چمڑے کے سرے کو کاٹ دینا 2- اگلی شرم گاہ کے آس پاس کے بالوں کو مونڈنا 3- مونچھ چھوٹی کرنا یعنی مرد کے اوپری ہونٹ پر اگے ہوئے بالوں کو اس طرح کاٹ دینا کے ہونٹ ظاہر ہو جائے 4- ناخن تراشنا 5- بغل کے بال اکھیڑنا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3144